بسم اللہ الرحمن الرحیم

# اَلسَّلَامُ عَلیٰ غَوْثِ الْهُفَانِ مَنْ صَارَتْ بِهِ اَرْضُ خُرَاسَانَ خُرَاسَانَ

سلام ہو، بیکس اور ناچاروں کے فریادرس و مددگار پر جس کا وجود مبارک خراسان کو خراسان بنانے اور طلوع آفتاب کی سرزمین قرار پانے کا سبب بن گیا۔

پیشکش، ادارہ تبلیغات وروابط اسلامی، آستان قدس رضوی



www.ketab.ir

# قبلہ گاہ عاشقان

## رہنمائے زائرین

اور

## حرم مطہر امام رضا علیہ السلام کا تعارف

ترجمہ: انیس عباس رضوی

تالیف: بزرگ عالم زادہ

ترجمہ: انیس عباس رضوی

www.ketab.ir

عالم زادہ، بزرگ، ۱۳۱۶ 
قبلہ گاہ عاشقان: رہنمائے زائرین اور حرم امام رضا علیہ السلام کا تعارف 
بزرگ رعالم زادہ، ترجمہ اردو: انیس عباس رضوی۔ 
مشہد: اسلامی تحقیقاتی مرکز ۱۳۸۴ش۔ ۱۰۹ص۔ 
ISBN 964-444-546-5
فہرست نویسی براساس اطلاعات فیپا۔ 
عنوان اصلی: قبلہ گاہ عاشقان: راہنمای زائر و معرفی حرم مطہر رضوی، اردو۔ 
۱- علی ابن موسی الرضا علیہ السلام، امام ہشتم، ۱۵۳-۲۰۲ق -- آرامگاہ -- زیارت 
۲- زیارتگاھھای اسلامی -- ایران -- مشہد۔ الف۔ 
ب۔ بنیاد پژوھشھای اسلامی (اسلامی تحقیقاتی مرکز) ج۔ عنوان 
BP۲٦٤/۲/ع۲ ق۲-٤٦ ۲۹۷/۷٦۷۲ 
کتابخانہ ملی، ایران ۸۱-۳۸٦۸۰م

قبلہ گاہ عاشقان: رہنمائے زائرین اور حرم امام رضا علیہ السلام کا تعارف

تالیف: بزرگ عالم زادہ

ترجمہ: انیس عباس رضوی

تصحیح: ڈاکٹر حیدر رضا ضابط

ٹائٹل: سید مجید ولی الٰہی

کمپوزینگ و ڈیزائننگ: محمد بشیر عالمی (اسکردوی)

پہلا ایڈیشن: ۲۰۰۵ء

تعداد: ۳۰۰۰ نسخہ

قیمت: ۸۰۰۰ ریال

امور فنی و طباعت: روزنامہ قدس پریس

پیشکش: ادارہ تبلیغات و روابط اسلامی آستان قدس رضوی

ناشر: اسلامی تحقیقاتی مرکز «بنیاد پژوہشھائے اسلامی»

ٹیلیفون و فیکس نمبر: ۲۲۳۰۸۰۳ شعبہ فروش (مشہد) پوسٹ بکس نمبر ۹۱۳۷۵/۳٦٦

شرکت بہ نشر: مرکزی دفتر (مشہد مقدس) فون: ۷-۸۵۱۱۱۳٦، فیکس: ۰۰۹۸-۵۱۱-۸۵۱۵۵۲۰

Website: www.islamic-rf.org E-mail: info@islamic-rf.org

جملہ حقوق محفوظ ہیں



www.ketab.ir

# قبلہ گاہ عاشقان

## رہنمائے زائرین
## اور
## حرم مطہر امام رضا علیہ السلام کا تعارف



www.ketab.ir

# فہرست


| | |
|---|---|
| مقدمہ | ۹ |
| باب اول : حرم مطہر میں داخل ہونے کے مرکزی دروازے | ۱۵ |
| باب دوم: عمارت کے متبرک حصوں، ایوان اور صحنوں کا تعارف | ۲۳ |
| باب سوم : اسلامی انقلاب کی کامیابی کے بعد عمارت میں توسیع و تعمیرات | ۹۱ |
| باب چہارم: حرم مطہر میں حاضری اور زیارت | ۹۹ |


www.ketab.ir




# قبہ مبارک کا نقشہ

حرم مطہر میں داخل ہونے کے لئے زائرین کی رہنمائی

اور

جغرافیائی اعتبار سے اس کے اطراف میں موجود

۱۲۱یوانوں کا محل وقوع۔



www.ketab.ir

سَتُدفَنُ بِضعَةٌ مِنّی بِخُراسانَ مازارَها مَکرُوبٌ الّا نَفّسَ اللهُ کُربَتَهُ وَلا مُذنِبٌ الّا غَفَرَ اللهُ ذُنُوبَهُ

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

عنقریب میرے بدن کا ایک ٹکڑا سرزمین خراسان میں سپرد خاک کیا جائیگا۔ جو بھی پریشان حال اور مشکلات ومصائب میں گرفتار اس کی زیارت کریگا خداوند عالم اس کی پریشانیاں اور مشکلات دور کریگا اور گناہگار کے گناہوں کو بخش دے گا۔

(امالی شیخ صدوق، ص ۱۱۹/حدیث ۲)



www.ketab.ir

# مقدمه

www.ketab.ir

## زائرین کرام!

السلام علیکم: زہے نصیب کہ آپ کو امام ہشتم علیہ السلام کی بارگاہ پر انوار کی زیارت کی توفیق حاصل ہوئی، آپ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ میں داخل ہونے کا شرف حاصل کر رہے ہیں۔ ہم آپ کو تہہ دل سے خوش آمدید کہتے ہیں اور آرزومند ہیں کہ یہ سفر آپ کے لئے ایک روحانی اور یادگارترین سفر ہو۔

## محترم قاری!

سرزمین خراسان بارہ سو سال سے حضرت امام رضا علیہ السلام کے مقدس وجود کے نور سے دمک رہی ہے۔

ہر سال یہاں لاکھوں مشتاقان زیارت دور و نزدیک سے آتے ہیں اور روحانی اور معنوی کسب فیض کرتے ہیں۔ اس بارگاہ منور میں وہ کشش ہے کہ عقلیں یہاں جذب ہو جاتی ہیں اور دل و جان نچھاور کرنے کو دل چاہتا ہے۔

آپؑ کے چاہنے والوں میں یہ رغبت اور انتہائی اشتیاق زیارت امامؑ کی ذات اقدس سے کسی حد تک واقفیت کی وجہ سے ہے اور یہ اعتقاد کی پختگی کی علامت ہے۔ محبان اہل بیت کا ایمان ہے کہ "حضرات ائمہ علیہم السلام اس زمین پر خداوند عالم کے خلیفہ برحق ہیں [1] اور انکی زندگی کا تمام تر مقصد منشائے الٰہی پر عمل اور اس کی رضا کا حصول ہے۔

---

۱- اصول کافی، ج ۱، کتاب الحجہ ص ۳۶۹



www.ketab.ir

حضرت امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں:

''ہر امام کا اپنے دوستوں اور چاہنے والوں سے ایک عہد و پیمان ہے جسکی تکمیل ان (آئمہ) کی قبور کی زیارت پر منحصر ہے لہذا جو بھی ان کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے انکی زیارت سے مشرف ہو وہ روز حشر انکی شفاعت سے بہرہ مند ہوگا''۔ ا

زائر محترم!

خداوند عالم نے آپ کو شرف بخشا اور آپ کی قسمت نے یاوری کی کہ آپ آئمہ علیہم السلام میں سے ایک امام معصومؑ کی بارگاہ کی زیارت سے مشرف ہوں تاکہ اپنے نفس کا تجزیہ کر سکیں اور یہ آلودگیوں سے پاک کرنے کا سبب بنے۔ اس مکان مقدس پر حاضری کی سعادت پر ہم آپ کو مبارک باد اور تہنیت پیش کرتے ہیں۔ روایت میں نقل ہے کہ جس طرح ائمہ معصومین کا وجود مبارک ان کی زندگی میں باعث خیر و برکت اور امور دنیا و آخرت میں اصلاح کا ذریعہ تھا۔ اسی طرح انکی شہادت کے بعد انکی قبور کی زیارت انکے مقام ولایت سے رابطہ مستحکم کرنے اور انکی شخصیت ساز کردار کا مطالعہ و یاد آوری تقویت ایمان کا سبب بنتی ہے۔ زیارت کے طفیل گناہوں کی بخشش، مادی و روحانی مشکلات سے نجات اور ہر طرح کی بیماری و مرض سے شفا حاصل ہوتی ہے۔

---

ا۔ وسائل الشیعہ، ج ۱۰، ص ۲۵۳

www.ketab.ir

### امام صادق علیہ السلام نے فرمایا:

''جس نے ہماری زیارت (قبر) کی گویا اس نے ہماری حیات میں ہم سے ملاقات کی ہے۔''۔۱

زایران و عاشقان امام ہشتم علیہ السلام کی کثیر تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے اور روزمرہ کے مسائل میں پیش آنے والی مشکلات کو بخوبی حل کرنے کے لئے آستان قدس رضوی نے خدمات کے مختلف شعبہ قایم کئے ہیں۔ خداوند عالم کا شکر ہے کہ انقلاب اسلامی کی پرشکوہ کامیابی کے بعد سے لیکر ابتک حرم مطہر اور اس سے ملحق عمارت کے مختلف متبرک حصوں میں چار گنا تعمیر و توسیع کی جاچکی ہے اور اب بھی جاری ہے۔ حرم اور اس کے احاطہ کا مجموعی رقبہ ۱۶۰ ایکڑ سے زیادہ پھیل چکا ہے جسمیں زیارت سے متعلق خدمات کے علاوہ تہذیبی اور علمی مراکز بھی شامل ہیں۔

متبرک عمارت کی تعمیر و توسیع میں جدت اور دلکشی کو بھی پیش نظر رکھا گیا ہے۔ زایرین کرام جس سرشاری اور رجوع قلب سے حاضری دینا چاہتے ہیں اس میں کسی قسم کا خلل واقع نہ ہو اور وہ حتی الامکان فیوض و برکات حاصل کرسکیں اس مقصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے حرم مطہر میں داخلے کے راستوں اور دروازوں کی رہنمائی اور گم ہوجانے اور بھٹک جانے میں وقت ضایع ہونے کے امکان سے بچنے کیلئے پہلے حرم کے مرکزی راستوں اور پھر عمارت کے دیگر حصوں کا تعارف پیش کیا جارہا ہے۔

اس کے علاوہ حرم مطہر اور دیگر متبرک مقامات کا مکمل نقشہ صفحہ ۱۱۰-۱۱۱ پر (کتاب کے آخری حصہ) آپکی نظر سے گزرے گا۔

---

۱- وسائل الشیعہ، ج ۱۰، ص ۲۶۰



www.ketab.ir